| NHS Greater Glasgow and Clyde | معلومات برائے آپ کے<br>**سی ٹی اسکین (پانی سے تیاری)**<br>(Information about your CT Scan (Water Preparation) - Urdu) |
|---|---|

آپ کے ڈاکٹر نے آپ کو ایک سی ٹی اسکین کے لیے ریفر کیا ہے۔ یہ امیجنگ ڈپارٹمنٹ (جسے ریڈیولوجی یا ایکسرے ڈپارٹمنٹ کے نام سے بھی جانا جاتا ہے) میں انجام پائے گا۔

**سی ٹی اسکین کیا ہے؟**

سی ٹی کمپیوٹرائزڈ ٹوموگرافی کی نمائندگی کرتا ہے۔

سی ٹی اسکین ایکسریز کا استعمال کرتے ہوئے آپ کے جسم کی کئی ساری تصویریں لیتا ہے۔ یہ تصویریں آپ کے جسم کی عمودی تراشوں یا ٹکڑوں کو دکھاتی ہیں۔ وہ ایک کمپیوٹر کے ذریعہ ایک ساتھ رکھی جاتی ہیں اور ہم انہیں ایک اسکرین پر دیکھ سکتے ہیں۔ اسکین آپ کے جسم کے اندر کی ایک بہت تفصیلی تصویر دکھاتا ہے۔

ایک ریڈیوگرافر یہ اسکین انجام دے گا۔

**امیجنگ ٹیم**

امیجنگ ٹیم درج ذیل لوگوں پر مشتمل ہوتی ہے:

- استقبالیہ کا عملہ،
- ہیلتھ کیئر کے سپورٹ ورکرز،
- نرسیں
- وہ ریڈیوگرافرز جو اسکین انجام دیتے ہیں
- وہ ریڈیولوجسٹ جو اسکین کی رپورٹ دیتے ہیں

**کیا سی ٹی اسکین سے پہلے مجھے کوئی خاص تیاری کرنے کی ضرورت ہے؟**

**پانی سے تیاری**

برائے مہربانی اپنے اپائنٹمنٹ کے وقت سے پہلے ایک گھنٹہ کے دوران کم سے کم 1 لیٹر پانی پیئیں۔ آپ کو اسے ایک ہی بار میں پینے کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر ضروری ہو تو آپ بیت الخلا جا سکتے/سکتی ہیں۔

**اگر مجھے ذیابیطس ہے اور میں گولیاں یا دوا لیتا/لیتی ہوں تو کیا مجھے انہیں بند کر دینا چاہیے؟**

نہیں۔ اگر آپ تجویز کردہ دوا لے رہے/رہی ہیں تو آپ کو اسے حسب معمول لیتے رہنا چاہیے۔

**کیا کوئی ایسی چیز ہے جس کے بارے میں مجھے اپنا اسکین کرانے سے پہلے عملہ کو بتانے کی ضرورت ہے؟**

اگر آپ سمجھتی ہیں کہ آپ حمل سے ہو سکتی ہیں تو برائے مہربانی ہمیں بتائیں۔

تمام صورتوں میں، ہمیں بتائیں کہ آیا آپ کو دمہ ہے، کوئی الرجی ہے، یا ماضی میں کسی ایکسرے یا اسکین کے لیے انجیکشن کے ضمن میں آپ کو کوئی پریشانی پیش آئی ہے۔

**میں کیا پہنوں گا/گی؟**

جسم کے جس حصہ کا معائنہ کیے جانے کی ضرورت ہے اس کے مطابق ہم آپ سے کچھ کپڑے نکالنے اور ایک معائنہ جاتی گاؤن پہننے کے لیے کہہ سکتے ہیں۔ اگر معاملہ ایسا ہے تو آپ اسکین سے پہلے ایک کیوبیکل میں کپڑے تبدیل کر سکتے/سکتی ہیں۔ جب آپ تشریف لائیں گے/گی تو ہم آپ کو بتائیں گے۔

اگر آپ کر سکیں تو ایسے ڈھیلے ڈھالے کپڑے پہنیں جن میں کوئی دھاتی بندھن جیسے زپ، پاپرز اور ہکس اور چھلے نہ ہوں۔ اس سے آپ معائنہ جاتی گاؤن پہننے سے بچ سکتے/سکتی ہیں۔

آپ کیوبیکل سے اسکین والے حصہ میں منتقل ہوتے وقت اپنے معائنہ جاتی گاؤن کے اوپر پہننے کے لیے اپنے ساتھ ایک ڈریسنگ گاؤن لا سکتے/سکتی ہیں۔

**اسکین میں کون سی چیزیں شامل ہوتی ہیں؟**

اسکینر ایک بڑے ڈونٹ کی طرح ہوتا ہے اور کچھ دیگر اسکیننگ مشینوں کے برخلاف سی ٹی اسکینر گھرا ہوا نہیں ہوتا ہے۔

آپ کو بس کاؤچ پر ساکت و خاموش لیٹ جانا ہے۔ کاؤچ ایک بڑے گول دہانے میں آگے اور پیچھے حرکت کرتا ہے تاکہ جسم کے مختلف حصوں کی تصویریں لی جا سکیں۔

اس سے آپ کے ڈاکٹر کو عارضوں کی تشخیص کرنے یا مزید جانچوں اور معائنوں کے بارے میں فیصلہ کرنے میں مدد ملتی ہے۔

**کیا مجھے کوئی انجیکشن لگایا جائے گا؟**

کچھ مریضوں کو ان کے بازو کی ایک رگ میں انجیکشن لگانے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ یہ ایکسرے کنٹراسٹ میڈیم (بے رنگ ڈائی) ہے۔ یہ ریڈیولوجسٹ (متخصص ڈاکٹر) کو جسم کے اندر اعضاء اور رگوں کو زیادہ واضح طور پر دیکھنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔

اگر آپ کو اس انجیکشن کی ضرورت ہے تو ریڈیوگرافر معائنہ کے وقت آپ سے اس کی وضاحت کرے گا۔

**اس میں کتنا وقت لگے گا؟**

اس کا انحصار اس پر ہے کہ آپ کے جسم کے کون سے حصہ کا اسکین کیا جا رہا ہے لیکن مثالی طور پر اس میں 10 اور 20 منٹ کے درمیان لگتا ہے۔ تاہم آپ کو ڈپارٹمنٹ میں 1 سے 1½ گھنٹے تک رہنے کا منصوبہ رکھنا چاہیے۔

اگرچہ ہم اپنے اپائنٹمنٹ کے اوقات پر کام کرنے کی ہر ممکن کوشش کرتے ہیں، تاہم ایمرجنسی مریضوں کی وجہ سے تاخیر ہو سکتی ہے۔ اگر معاملہ ایسا ہے تو ہم آپ کو آگاہ کریں گے۔

**خطرات کیا ہیں؟**

ایکسریز ہی کی طرح، سی ٹی اسکین بھی ریڈیشن کا استعمال کرتے ہیں۔ استعمال کی جانے والی ریڈیشن کی مقدار بہت کم ہوتی ہے اور اسکین کے فوائد کسی بھی خطرات سے زیادہ سمجھے جاتے ہیں۔

**کیا میں اپنے ساتھ کسی کو لا سکتا/سکتی ہوں؟**

آپ کسی دوست یا رشتہ دار کو اپنے ساتھ لا سکتے/سکتی ہیں لیکن ہم انہیں اسکیننگ کے کمرے میں جانے کی اجازت نہیں دیں گے۔ برائے مہربانی یاد رکھیں؛ ہم ان سے خاص استقبالیہ کے حصہ میں انتظار کرنے کے لیے کہہ سکتے ہیں۔

اگر آپ کو اپنے بچوں کو ساتھ لانے کی ضرورت ہو تو برائے مہربانی یقینی بنائیں کہ آپ کے ساتھ کوئی بالغ شخص بھی ہو کیوں کہ ہم بچوں کی نگہداشت کی سہولیات فراہم کرنے سے قاصر ہیں۔

**اسکین کے بعد**

زیادہ تر صورتوں میں، جیسے ہی اسکین پورا ہوتا ہے آپ گھر جا سکتے/سکتی ہیں۔ اگر آپ نے کوئی انجیکشن لگوایا تھا تو ہم آپ سے ڈپارٹمنٹ سے روانہ ہونے سے پہلے 10 منٹ تک انتظار کرنے کے لیے کہہ سکتے ہیں۔ یہ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ہے کہ آپ بالکل ٹھیک ہیں اور انجیکشن سے کسی الرجی زا ردعمل کی کوئی علامت نہیں پائی جاتی ہے۔

اسکین کے فورا بعد آپ حسب معمول کھا اور پی سکتے/سکتی ہیں اور اپنی معمول کی سرگرمیاں شروع کر سکتے/سکتی ہیں۔

اگر آپ چھاتی سے دودھ پلا رہی ہیں اور آپ نے انجیکشن لگوایا تھا تو ہم آپ کو صلاح دیں گے کہ 24 گھنٹے تک دودھ نہ پلائیں۔

**مجھے نتیجہ کب معلوم ہوگا؟**

ہم نتائج اس شخص کے پاس بھیجیں گے جس نے آپ کو جانچ کے لیے ریفر کیا تھا۔ آپ کو ریفر کرنے والا شخص آپ کو نتیجہ کے بارے میں بتانے کے انتظامات کرے گا۔

**کوئی دیگر سوالات؟**

برائے مہربانی امیجنگ ڈپارٹمنٹ میں ٹیم کے کسی فرد سے پوچھیں۔

**آپ کا اپائنٹمنٹ**

برائے مہربانی

- اپنے ساتھ کوئی قیمتی سامان نہ لائیں
- اگر آپ کو صلاح کی ضرورت ہو تو ہمیں کال کریں

اگر آپ اس اپائنٹمنٹ میں آنے سے قاصر ہیں تو برائے مہربانی ہمیں جلد سے جلد کال کریں – ہم آپ کو دوسرا اپائنٹمنٹ دے سکتے ہیں اور آپ کا اپائنٹمنٹ کسی اور کو دے سکتے ہیں۔

**مرکز رابطہ کا ٹیلیفون نمبر**

0141 347 8379
www.nhsgg.org.uk

نظرثانی کی تاریخ: جولائی 2018

Equalities In Health
MI • 290680 - Urdu